اگر قائل اس کلام کا یہودی ہووے تو البتہ وجہ ترک ذکر موسیٰ کی یہ ہو سکتی ہی کہ بزعم
یہود مماثل موسی علیہ السلام کے کوئی نہین ورنہ یہ کب ہو سکتا ہی کہ مماثل رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھہ کس وجود و متحقق ہون اور مثل موسی علیہ السلام کے ایک بھی نہو صاف
صاف فضیلت موسی علیہ السلام کی محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم پر لازم آتی ہی اور یہ باطل
ہی قطعًا اور یقینًا پس ثابت ہوا کہ ابن عباس رضی نے کسی یہودی سے یہ قول نقل کیا وجہ تیسری مسلم
و مجمع علیہ صحابہ کرام ہی کہ کلمہ نبیکم کلمہ ارتداد ہی اسلیے کہ ایک آدمی نے خالد رضی اللہ عنہ
کے سامنے کہا قال صاحبکم حضرت خالد نے اوسکا سر تن سے جدا کر دیا اور فرمایا کہ معلوم ہوا
کہ اسکا صاحب نہین آپ اور یہ امر خلافت صدیق اکبر مین واقع ہوا اور کسی نے حضرت خالد رضی
نہ حکم قصاص کا کیا اور نہ اعتراض کیا چنانچہ کتب احادیث مین یہ قصہ مذکور ہی پس باتفاق صحابہ
جبکہ کلمہ صاحبکم کلمہ ارتداد ہوا تو کلمہ نبیکم بدرجہ اولی کلمہ ارتداد ہوگا کسلیے کہ یہ اوضح ہی
کیونکہ صاحبکم محتمل ہی اور نبیکم نص چنانچہ تحفہ مین ہی مالکنہ بخصوص خالد در تعامی صاحب اول بود

کمبخت خاص

در حق جناب پیغمبر این کلمہ گفت قال رجل لکم او صاحبکم کذا او این اضافت بسوی اہل اسلام

بہ نحو شیوہ کافران و مرتدین آن زمان بود انتہی اور روایت مستدرک مین بعینہ کلمہ نبیکم موجود

ہی پس بدلیل قطعی ثابت ہوا کہ ابن عباس رض نے کسی یہودی سے یہ روایت کی **فائدہ**

مذہب امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا یہ ہی کہ خبر آحاد اگرچہ صحیح ہو لیکن مخالف کتاب اللہ ہی تو اوس پر عمل

نہین کرسکتے اور جو لوگ مقلد مذہب نہین ابو حنیفہ رح کے اس قول پر طعنہ زنی کرتے ہین الحمد للہ حدیث

مستدرک نے ابو حنیفہ رح کے مذہب کو خوب تقویت دی اور حنفیہ کی طرف سے غیر مقلدین

کو جواب شافی دیا بیان اسکا یہ ہی کہ اس حدیث مستدرک کے محدثین نے اگرچہ تصحیح کی لیکن چونکہ

مخالف نص کتاب اللہ وَلٰکِن رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کے تھی تو اوس پر عمل کرنے

سے کیا کیا خرابیان دین مین لازم آتی ہین ایک تو فضیلت موسیٰ علیہ السلام کی حضرت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر دوم قتل ناحق صادر ہونا خالد رضی اللہ عنہ سے سوم اجماع

صحابہ کا ضلال پر کہ کسی نے حکم قصاص نہین دیا چہارم انکار عموم بعثت رسول اللہ صلی اللہ

علیہ و آلہ وسلم کی جو کہ ثابت ہی بادلہ قطعیہ نصوص قرآنی پنجم مخالفت اجماع اہل اسلام کہ یہ

قول آجتک کسو نے نہین کہا آمدیم برسر مطلب **وجہ چہارم** واضح تر ابطال قول مذکور

کی وہ یہ ہی کہ بر تقدیر صحت اس قول کے یعنی فی کل ارض آدم کادمکم الحدیث لازم آتا ہی کہ زمین

اول پر دو آدم ہون اسلیے کہ عموم کل ارض متناول ارض اول کو بھی ہی پس چاہیے کہ ارض

اول پر ایک آدم ہو مثل آدم ہمارے کے جیسے کہ ارض دوم پر آدم ہی مثل آدم ہمارے کے

لیکن لازم باطل ہی پس صحت قول مذکور کی بھی باطل **وجہ پانچوین** مشہور میان

اہل اسلام کے یہ قول ہے کہ طبقات زمین کے باہم متصل ہیں اون میں کچھ فاصلہ نہیں قال الامام فی تفسیر سورۃ الطلاق قال الکلبی خلق سبع سموٰت طباقا بعضہا فوق بعض مثل القبة ومن الارض مثلهن فی کونهن طبقات ملاصقة کما هو المشهور انتهی قال البغوی فی اول تفسیر سورۃ النون ن اختلفوا فیه فقال ابن عباس رض هو الحوت الذی علی ظهره الارض و هو قول مجاهد و مقاتل والسدی والکلبی اس نقل سے ثابت ہوا کہ ابن عباس بھی اور وے انکے ساتھ متفق ہین کہ طبقات زمین کے متصل ہین اور مؤید ہے قول مشہور کے حدیث متفق علیہ فی المشکات فی باب الغصب عن سعید ابن زید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من اخذ شبرا من الارض ظلما فانه یطوقه یوم القیمة من سبع ارضین متفق علیه حدیث شریف مقتضی ہے کہ چھ زمین نیچے کی تابع ہین زمین اول کی بیچ احکام کے یعنی اگر اوپر کی ملک ہے تو نیچے کی بھی ملک اور اگر اوپر کی غصب ہے تو نیچے کی بھی غصب اور یہ معنی کما ل ظہور مین ہے اور تبعیة بدون اتصال ممکن نہین پس ثابت ہوا اتصال ساتون طبق زمین کا ایضا فی المشکات عن سالم عن ابیه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من اخذ من الارض شیئا بغیر حقه خسف به الی سبع ارضین رواه البخاری اس حدیث کو دلالت واضح ہے اتصال طبقات پر اس وجہ سے کہ جبکہ غایت خسف کی سبع ارضین ہوئی تو واجب ہے کہ قبل سبع ارضین خسف منتہی نہو پس اتصال خسف موجب ہوا اتصال طبقات کو پس بخوبی واضح ہوا

ویؤیده ما قال النووی فی معنی هذا الحدیث فی شرح صحیح مسلم ... الارض فانها تابعة لها

بموجب حدیث صحیحین و حدیث صحیح بخاری بطلان روایتہ مستدرک والعلم عند اللہ
وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا وہذا ارونا اثباتہ و بر تقدیر تسلیم صحت
اثر مذکور تو بھی قابل اعتبار نہیں اسلیے کہ اثر مذکور از باب عقاید ہی اور بناے عقاید کی
خبر آحاد پر جائز نہیں قال فی شرح فقہ الاکبر ان المعتبر فی العقائد ہو الادلۃ الیقینیۃ و
اخبار الآحاد لو ثبتت انما تکون ظنیۃ اور شرح عقائد میں ہی ان الخبر الواحد علی تقدیر اشتمال
علی جمیع الشرائط المذکورۃ فی اصول الفقہ لا تفید الا الظن ولا عبرۃ بالظن فی باب الاعتقادیات
خصوصا اذا اشتمل علی اختلاف روایتہ وکان القول بموجبہ مما یفضی الی مخالفۃ ظاہر الکتاب انتہی
مخالفت اثر مذکور کی ظاہر کتاب کی ظاہر ہی پس ساقط الاعتبار ہونا روایت مستدرک کا باتفاق
اہل سنت وعلماے اہل کلام ثابت ہی اور تفسیر کبیر میں ہی اِنَّ الْاِعْتِقَادَ یَنْبَغِیْ اَنْ
یَّکُوْنَ مَبْنَاہُ عَلَی الْیَقِیْنِ وَکَیْفَ یَجُوْزُ اتِّبَاعُ الظَّنِّ فِی الْاَمْرِ الْعَظِیْمِ
وَکُلُّ مَا کَانَ الْاَمْرُ اَشْرَفَ وَاَخْطَرَ کَانَ الْاِحْتِیَاطُ فِیْہِ اَوْجَبَ
وَاَجْدَرَ انتہی علاوہ اسکے یہ ہی کہ آیہ کریمہ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ
خبر ہی اور اخبار قابل نسخ و تخصیص نہیں ہو سکتی ورنہ لازم آیگا کذب بیچ اخبار کے
تعالی اللہ عَمَّا یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا ۔ اب جاننا چاہیے کہ اثر مذکور
مجمل ہی بسبب اشتمال کے او پر ادات تشبیہ کے جو کاف ہی اسوجہ سے کہ کاف بمعنی مثل
ہی اور مثل مستعمل ہی واسطے مشارکت کے بعض صفات میں اور بعض منکر ہی پس پیدا ہوا اجمال
بیچ مراد کے اور حکم مجمل کا توقف ہی اور انتظار ہی بیان متکلم کے کما ہو المقرر فی الاصول

اور ابن عباسؓ نے اسکی وجہ تشبیہ کچھ بیان نہ کی پس ممکن نہیں استدلال اس اثر مذکور سے نظیر
اسکی مسئلہ فقہی ہی فی الہدایہ اِذا قال لعبدہٖ انتَ مثلُ الحرِّ لم یعتق لانّ
المثل یستعمل للمشارکۃ فی بعض المعانی عرفاً فوقع الشکّ فی الحریۃ
انتہی پس اثر مذکور بسبب مخالفت کتاب اللہ کے مردود ہوگا نہ مخصص۔ اور لازم ہے کہ زید
تجدید ایمان کرے وساوس شیطانی کو دل میں راہ نہ دے قل جاء الحقُّ وزھق الباطلُ انّ
الباطلَ کان زھوقاً

کتبہ محمد اسلام الدین عفی عنہ
متصیم ٹونک ۱۲

هو الرحمن الرحیم

لک الحمد و علی محمد خاتم الانبیاء لک الصلوٰۃ اما بعد جواہر تحقیق دیوانیت تدقیق
مجیب مصیب ادام اللہ فیضہ بچشم قبول دیدنی و بخزینہ دل داشتنی و عقیدہ زید بعید از جواز و اجب
الاحتراز کہ شذوذ و انفراد از عقائد اہل سنت و جماعت کثرہم اللہ تعالیٰ دارد کما لا یخفی علی
ناظر الکلام ومن شذّ شذّ فی النار فقط سبحانک لا علم لنا الّا ما علّمتنا انّک انت العلیم الحکیم ۵

ما افتی بہ مولانا و سیدنا و استاذ العلماء حق حقیق بالقبول ماذا بعد الحق الا الضلال

خادم شرع محمد حسن ۱۲

عبد الکریم ۱۲	احمد علی ۱۲	محمد عبد المالک ۱۲	المجیب مصیب کلہ	عبد الرحمٰن حنفی

ماقال استاذنا المحقق و مولانا المدقق ھو الرای النجیح والحق الصحیح فھو حقیق بالقبول والایقان
ومن اعرض عن ھذا فقد وقع فی الضلال والطغیان

الجواب صواب والمجیب مصاب

محمد عبد الملک ۱۲

کنز دست محرم
فرزم ابن ست

ماحقق استاذنا المحقق و مرشدنا المدقق فی توجیہ اثر ابن عباس رضی اللہ عنہ حق بق

بالقبول من اعرض عنہا ذلہ بجاب فہو ظلوم جہول (عبد الغفار بن فرخ ... محمد)

اصاب المجیب وصح الجواب فہذا الحق صریح لباب نمقہ العبد الضعیف محمد نجف علی (محمد نجف سلیمان ۱۲)

ہو الکریم الرحیم

سبحان اللہ براہین قرین صدق ویقین خاتمیت رسالت ہیں جو زبان فیض ترجمان الہام بیان
حضرت بایان سے ادام اللہ ارشادہ صادر ہوئے فی الواقع کرامت ہیں اثر ایک معجزہ معجزات
واضحات سید المرسلین خاتم النبیین کے سے صلوات اللہ وسلامہ علیہ (محمد حسین ۱۲۹۴ مولوی محمد) وحمید یار مقیم ٹونک ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلام الغیوب + الملک القدوس عن سمات النقص والعیوب + والصلوۃ والسلام علی
رسولہ الممجد سید الکونین محمد السبب لکل موجود المخصوص بختم النبوۃ والمقام المحمود + وعلی آلہ الکرام
البررہ + واصحابہ العظام الطہرہ + القہرۃ علی الکفرہ + والہداۃ الفجرہ + اما بعد
جواب اس سوال کا جو جناب فیض مآب زبدۃ اولو الالباب عمدۃ المفسرین نخبۃ المحدثین وجہۃ الفقہا قبلۃ
النبہا استاذ العلما سیدنا ومولانا حضرت قاضی القضاۃ المعتصم بحبل اللہ المتین مولوی محمد امام الدین
صاحب عم فیضہ نے تحریر فرمایا الحق جواب کفر شکن وشبہ [illegible] و حق مبرہن و دلیل روشن ہے سائلین
مسترشدین کے جیب و دامن کو حکمت و دین کے جواہر سے پُر کیا + اور طالبین دین کے کاسہ مراد کو حقیقت و
ایقان کی شیر و شکر سے بھر دیا + اگرچہ بوقت تحریر جواب آپ نے اپنی یاد پر اکتفا کیا اور رجوع بہ کتاب
نہ فرمایا + تو کیا ہوا کہ یہ ذات مقدس خود ہی بحر زخار ہے + آپ کی امواج تقاریر بلند کا فیض دیکھیے
کہ ہر طرف لآلی آبدار حقائق لطائف کا انبار ہے کان اللہ لہ وشکر سعیہ وبارک فیہ وفی فیضہ

آپ نے جو فتویٰ دیا وہ حق ہی اور بیشک عقیدہ زید کا جو سوال مین درج ہی کفر ہی اور تمسک زید کا ساتھہ اثر مذکور کے باطل اسلیے کہ رد کیا اوسکو کتاب اللہ نے اور سنت رسول اللہ اور اجماع امت نے اب دلائل اوسکی بطلان کی بیان کیے جاتی ہین فرمایا اللہ تعالی نے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً اس آیت پاک سے صاف ظاہر ہی کہ اللہ تعالی نے ایک ہی آدم پیدا کیا ہی جسکے پیدا کرنے سے پہلے ملائکہ کو خبر دی کہ مین ارض یعنی زمین مین ایک خلیفہ یعنی نائب پیدا کرنے والا ہون اور لفظ ارض کا استعمال تمام قرآن مجید مین تمام طبقات پر ہی نہ طبقہ واحدہ پر چنانچہ فرمایا بدیع السموات والارض وللہ غیب السموات والارض وسع کرسیہ السموات والارض وہو الذی خلق السموات والارض فی ستة ایام سبح للہ ما فی السموات والارض اور خبر اللہ تعالی کی قطعی الصدق ہوتی ہی احتمال کذب کا اوسمین محال اور درصورت کثرت آدم لازم آتا ہی کذب فی الارض خلیفہ کا پس لا محالہ قول کثرت آدم بسبب مخالفت قول اللہ کے رد ہوگیا قصہ خلق آدم اور سکونت اون کی بہشت مین اور سجود ملائکہ اون کو اور ابلیس کا ملعون ہونا اور اوتارے جانا دونونکا زمین پر کہ آیات قطعیات سے ثابت ہی تعدد آدم کو باطل کرتا ہی اور فرمایا اللہ جلشانہ نے اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا اس آیت سے معلوم ہوا کہ ارض وسموات وجبال کہ اعظم مخلوقات ہین ان سب کے مقابلہ مین ایک ہی آدم ہی اور حامل امانت کا مطابق قول حق تعالی اور جمہور مفسرین کے وہی ایک ہی آدم ہستہ باقیہ سرید وقت حمل امانت کی کہان تھی اوسکے او آدم کو یہ آیت پاک باطل کرتی ہی اور فرمایا اللہ تعالے نے وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِیْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ

بربکم قالوا بلیٰ شہدنا الآیہ اللہ جلشانہ نے ازل مین حضرت آدم خلیفۃ اللہ کے
پشت سے سب اولاد اولین و آخرین کو نکال کر اونسے عہد و پیمان لیا اور گواہ کر لیا اونکو آپس مین
اپنے قرار دادن پر اور فرمایا الست بربکم تب سبھون نے گواہی دی بلیٰ شہدنا اوسوقت فرمایا اللہ تعالیٰ نے
فانی اشہد علیکم السموات السبع والارضین السبع واشہد علیکم اباکم آدم ان تقولوا یوم القیامۃ لم
نعلم بہذا اعلموا انہ لا الٰہ غیری ولا رب غیری ولا تشرکوا بی شیئا انی سارسل الیکم رسلی یذکرونکم عہدی
ومیثاقی وانزل علیکم کتبی الحدیث کما فی المشکوٰۃ پس مع جب آیت و احادیث سے یہ عہد الست ایک ہی
آدم اور آدمی کی ذریات سے ہوا ہے سماوات وارضین اونمین کے گواہ ہین نہ کسی اور کے پس بوقت اخذ عہد
اور دہم زید یا مسعود م تھی یا داخل بنی آدم پھر صورت تمسک زید باطل ہے۔ اور فرمایا اللہ جلشانہ نے
ان اللہ اصطفیٰ آدم و نوحا و آل ابراہیم و آل عمران علی العالمین الآیہ یا رسالۃ
والخصائص الروحانیۃ والجسمانیۃ ولذالک قووا علی ما لم یقو علیہ غیرہم وبہ استدل علی فضلہم علی الملائکۃ
وآل ابراہیم اسماعیل و اسحٰق واولادہما وقد دخل فیہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم وآل عمران موسیٰ وہارون
ابنا عمران بن یصہر بن فاہث بن لاوی بن یعقوب او عیسیٰ وامہ بنت عمران بن ماثان انتہی وکان بین
عمرانین الف وثمانمائۃ ستۃ بیضاوی یہ آیت باطل کرتی ہے تعدد آدم و نوح و ابراہیم و عیسیٰ و خواتم
کو جو معتقد زید کا ہے اسلئے کہ خبر دی اللہ تعالیٰ نے کہ چن لیا ہمنے تمام عالم اہل سموات و ارضین سے
ایک آدم و نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ و محمد و باقی انبیا اور اونکی ذریت کو جو وجہ بعض ہر مین سلسلہ اعطائے
نعمت رسالت و خصائص روحانی و جسمانی کے کہ پیدا کیا اونکو احسن تقویم مین اور عطا کیا علم و عقل
اور بہی اونکو قدرت کہ نہ دی کسی اور خلق کو پس معلوم ہوا کہ غیر انکا اہل سموات و ارضین سے

موصوف بچندین صفات مذکورہ نہین یعنی اونکے سوا اور کسی مخلوق کو صفات مخلوق فی احسن تقویم وجوہر
عقل و علم و تدبیر و شرف نبوۃ و رسالت حاصل نہین ورنہ لازم آتا ہی کذب خبر ان اللہ اصطفے من الملائکۃ رسلا
کا اصطفا مع کثرت امثال متصور نہین اور کذب کلام اللہ مین محال ہی عقلاً و شرعاً پس واجب ہوا
ابطال امثال اور قول بوجود امثال زید کا مستلزم تکذیب قرآن ہی وہو کفر العیاذ باللہ منہ اور فرمایا
اللہ سبحانہ نے وَاِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ ثُمَّ
جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمْ من الکتاب والحکمۃ وہو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَتُؤْمِنُنَّ
بِہٖ وَلَتَنْصُرُنَّہٗ وامتہم تبع لہم فی ذلک جلالین یہ آیت کریمہ ناطق ہی ساتھ اس خبر کے کہ اللہ جل شانہ
نے تمام پیغمبرون سے عہد لیا کہ میرے حبیب پاک پر ایمان لاؤ اور لفظ ثم جاءکم دال ہی اسپر کہ حضرت محمد مصطفی
خاتم الانبیا سب پیغامبرون کے بعد ہونگے اس میثاق مین تمام نبیون اور جسکو زید نبی کہیگا داخل ہوئے
کی ختم نبوت کے مومن پس زید اپنے انبیا کی مخالفت کرکے کسلیے گمراہ بنتا ہی اب زید سے پوچھیے
کہ چہہ خاتم الانبیا جو ہمارے خاتم النبیین کے حق پر تو ایمان لایا اور اونکے وجود کا عقیدہ رکھتا ہی
یہ ایمان و عقیدہ تجہپر واجب ہی یا نہین اگر واجب ہی تو سند اوسکی بیان کر اور جو واجب نہین تو کسلیے
بیہودہ شیطان کی اتباع کرتا ہی فرمایا اللہ جل شانہ نے قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰھٖمَ
وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَعِیْسٰى وَمَآ
اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّھِمْ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْھُمْ وَنَحْنُ لَہٗ مُسْلِمُوْنَ اگر تو
کہے کہ چہہ خاتم اور اشخاص خمسہ تیرے یہان نبیون ہی مین داخل ہین تو یہان سورۂ احزاب مین نبیون
سے کیون نکل گئے اعاذنا اللہ من مثل ہذہ العقائد الباطلۃ اور فرمایا حق تعالی نے سورہ

احزاب مین ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین
وکان اللہ بکل شیء علیما خبر دی اللہ تعالی نے مسلمانونکو کہ محمد تمھارے مردون مین سے کسیکا باپ نہین
ولکن ہے وہ رسول اللہ اور خاتم النبیین اور فرمایا کہ اللہ کو ہر چیز معلوم ہے پس اگر کوئی رجل یعنی مرد
بالغ محمد کا بیٹا ہوتا یا کوئی اور اوسکے سوا خاتم النبیین ہوتا تو ایسا نہ فرماتا اسلیئے کہ اوسکو ہر شیء معلوم
ہے سو معلوم ہوا کہ علم الہی مین آپکے سوا خاتم نہین اور زید دعوا کرتا ہے کہ مجکو بھی خاتم اور معلوم مین
تو اوسکے جواب مین آیۂ مقدس پڑھی جاتی ہے ام تنبؤنہ بما لا یعلم فی الارض
ام بظاہر من القول ط بل زین للذین کفروا مکرہم وصدوا عن السبیل ط
ومن یضلل اللہ فما لہ من ھاد ط جسکو اللہ تعالی گمراہ کرتا ہے وہ یون ہی اپنے ذہن کی باطیل سے
آیات محکمات کی تاویل کیا کرتا ہے اور فرمایا اللہ تعالی نے وما محمد الا رسول ط قد خلت
من قبلہ الرسل ط اس آیت سے بھی سب پیغمبرونکا اول ہونا اور آپکا خاتم ہونا ثابت ہے اور فرمایا
اللہ جل شانہ وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا ولکن اکثر الناس
لا یعلمون ط جلالین مین ہے کہ کافۃ حال ہے للناس سے قدم للاہتمام اور بیضاوی مین
ہے کہ حال ہے ضمیر خطاب سے اور دوسری تفسیر مین ہے کہ مفعول مطلق ہے ای ارسالا کافۃ ای محیطا عاما
جامعا بجمیعہم اور کافۃ صیغہ مبالغہ کا ہے اور تاء اسمین مبالغہ کے لیئے ہے نہ تانیث بہر تقدیر بقاعدہ اصول
یہ آیت مفسر ہے اور احتمال تاویل وتخصیص مفسر مین معدوم جہان اقطار سبع سموات وسبع ارضین مین
کوئی ذی عقل ہوگا آپ اوسکے واسطے رسول خاتم ہونا اس آیت سے ثابت ہے سو معلوم ہوا کہ اگر باقی
طبقات ستہ ارض مین بھی خلق ذوی العقول ہوگی تو آپ اون کے رسول مقبول ہین اور جو کوئی اسکا

ل یہ آیۂ سورۂ احزاب ۲۲ پارہ مین ہے ۱۷

۲ یہ آیۂ سورۂ آل عمران ۴ پارہ مین ہے

۳ سورۂ السبا ۲۲ پارہ مین ہے ۱۲

انکار کریگا وہ بموجب اسی آیت کے ولکن اکثر الناس لا یعلمون مین داخل ہوگا - اور فرمایا اللہ تعالیٰ
نے لیکون للعالمین نذیرا اس آیت سے بھی معلوم ہوا کہ تمام عالم جن و انس و غیرہ حتی کہ بقول
بعض علمائے کرام ملائکہ کے بھی آپ رسول ہین اسلیئے شب معراج مین آپ ملائکہ کے امام ہوئے اور ملائکہ
زمین کے آپکے تابع ہین اور آپکی امت کے مقتدی سبحان اللہ آپکی ذات قدسی صفات اسی نبوت علیا کی
مستحق ہے پس ان آیات بینات نے اور اس اثر نے اثر کو جو متمسک زید کا ہے مردود کردیا کہ فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تکثر لکم الاحادیث من بعدی فاذا روی لکم عنی حدیث
فاعرضوہ علی کتاب اللہ فما وافق کتاب اللہ فاقبلوہ وما خالف فردوہ [illegible]
البخاری فی صحیحہ اب معلوم ہوا رد ہونا متمسک زید کا بموجب فرمان حضرت سید المرسلین صلعم بسبب مخالفت
کتاب اللہ کے اور قول زید کا کہ خاتم النبیین مثل آنحضرت کے چھ اور ہین اور حدیث مذکور عموم آیہ
ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین کے مخصص ہے اور خبر آحاد سے تخصیص آیت کی جائز نہین
کما ہو المقرر فی الاصول اس سے جہالت بلادت زید کی کئی وجہ سے معلوم ہوئی اول یہ کہ وہ معنے
خاتم النبیین کے نہین جانتا والا قائل بتعدد خواتم نہوتا اسلیئے کہ تعدد منافی ہے ختم کا پس برتقدیر تعدد
لازم آتا ہے کہ ایک بھی خاتم نہو چہ جائیکہ خواتم سبعہ اور یہ ہر عاقل پر ظاہر ہے دوم یہ کہ وہ تعریف درجہ
ختم نبوت کی نہین جانتا والا ثابت نکرتا اس درجہ کو واسطے کثیرین کے چنانچہ کفار شرط الوہیت
کی نہین جانتے اور ثابت کرتے ہین درجہ الوہیت کو واسطے اولین خلق اللہ کے معاذنا اللہ تعالیٰ
منہا اب جاننا چاہیئے کہ شرط ختم نبوت کی متوحد اور یگانہ ہوتا ہے سیادت کونین مین اور اپنی ذات
قدسی کے کمال سے نفوس ناقصہ اتباع کو آلایش نقائص سے نکالکر بدرجہ کمال پہنچانا اور مبعوث

ظرف کافر خلق کے ہونا اور یہ بات بجز ذات حضرت سرور کائنات علیہ افضل التحیات کے کسیکو حاصل نہیں اور اسلیے آپکے اسماپاک سے ایک اسم وحید ہے یعنی یگانہ بسیادت دارین اور بے نظیر فضائل وکمالات میں اور مقفی یعنی پیچھے ڈالنے والا ہر صاحب شرف وفضیلت کو اور مصطفیٰ مجتبیٰ مختار ای الذی اصطفاہ اللہ واجتباہ واختارہ من جمیع خلقہ وسید الکونین وسید المرسلین وحبیب اللہ اور روح القدس اور مخصوص بالعز مخصوص المجد مخصوص بالشرف وغیر ذلک اور پیدا کیا ارواح انبیا کو آپکے نور سے اللہ تعالی نے اور نازل کیا آپکی نعت پاک مین قرآن معلی منجملہ اوسکے یہ ہیکہ فرمایا ورفعنا لک ذکرک اور جب عرش عظیم کو اللہ سبحانہ نے پیدا کیا وہ اضطراب اور جنبش کرتا تھا اوسکے ناصیہ غرا پر کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ثبت فرمایا عرش عظیم مستقر اور مطمئن ہوگیا اور فرمایا فاوحی الی عبدہ ما اوحی اور فرمایا لعلک ترضی اور فرمایا ولسوف یعطیک ربک فترضی شعر رضا ہے حق رضا جو دل او تعالی شدہ بالامنزل او + اور فرمایا ویتم نعمتہ علیک اور فرمایا وکان فضل اللہ علیک عظیما اور فرمایا وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور فرمایا لیظہرہ علی الدین کلہ اور فرمایا ثم دنی فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی اور نازل کی نعت آپکی تمام کتب سماویہ میں اور انجیل شریف مین ہے بعد نعت طویل کے ولولاہ لما خلقت الجنۃ والنار اور دیلمی نے یعنی حدیث قدسی مین فرمایا لولاک لما اظہرت الربوبیۃ اور فرمایا آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام نے فضلت علی الانبیاء بست الی قولہ وارسلت الی الخلق کافۃ وختم بی النبیون رواہ مسلم کما فی المشکوۃ اور آپکے آثار علیا سیادت دنیا دی سے یہ ہی کہ آپکی ولادت شریف کے وقت مین ہر فرشتہ نے ملاء اعلی کے آپکی زیارت قدسی کو اوتر سے اور تمام [illegible] عالم [illegible] اور [illegible] حیوانات و جمادات تکو آپکے حسن و جمال جہان آرا کے

قبضۂ تسخیر مین کیا اور شب ولادت مین تمام ملوک روی زمین کی قوت ناطقہ زائل ہو گئی اور آتشکدے
فارس کے بجھ گئے اور چار جگہ سے ایوان کسریٰ کا ٹوٹ کر گر پڑا اور ندی ساوہ کہ معبد کفار تھا خشک ہو گئی
اور وادی سماوہ کہ ہزار برس سے خشک پڑا تھا جاری ہو گیا اور تمام اصنام سرنگون گر پڑے مطہر للہ تعالیٰ
نے شب معراج مین آپ کو تمام ملکوت سماوات و ارض اور دوزخ اور جنت کی سیر دکھائی اور مقام قرب سے
کہ زبان ناطقہ اوسکی صفت سے گنگ ہے آپکو امتیاز بخشا اور اوسی شب مین انبیاء کرام اور ملائکہ عظام
کے آپ امام ہوئے اور سیادت اور امامت آپکی سب پر ظاہر و باہر کر دی گئی اور اوسی شب مین آپنے یاجوج و ماجوج کو دعوت
دین فرمائی چنانچہ یہ سب قصص کتب احادیث و سیر و اخبار مین مفصل مذکور ہین اس بیان سے آپ کی سیادت
دنیاوی معلوم ہوئی اب بیان کیا جاتا ہے آپکی سیادت اخروی کا چنانچہ فرمایا آپنے انا سید ولد
آدم یوم القیامۃ و لا فخر و بیدی لواء الحمد و لا فخر و ما من نبی یومئذ آدم فمن سواہ الا تحت لوائی
و انا اول من تنشق عنہ الارض و لا فخر رواہ الترمذی کما فی المشکوۃ کہا امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ
نے شرح صحیح مسلم مین قال الہروی السید ہو الذی یفوق قومہ فی الخیر و قال غیرہ ہو الذی یفزع الیہ فی النوائب و الشدائد فیقوم
بامرہم و یتحمل عنہم مکارہہم و یدفعہا عنہم اما قولہ یوم القیامۃ مع انہ سیدہم فی الدنیا و الآخرۃ فسبب التقیید ان
فی یوم القیامۃ یظہر سوددہ لکل احد و لا یبقی منازع و لا معاند و نحوہ بخلاف الدنیا فقد نازعہ ذلک
ملوک الکفار و زعماء المشرکین و ہذا التقیید قریب من معنی قولہ تعالی لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار
ان الملک لہ سبحانہ قبل ذلک لکن کان فی الدنیا من یدعی الملک او من یضاف الیہ مجازا فانقطع کل ذلک
فی الآخرۃ قال العلماء و قولہ صلعم انا سید ولد آدم لم یقلہ فخرا بل صرح بنفی الفخر و انما قالہ لوجہین احدہما
امتثال قولہ تعالی و اما بنعمۃ ربک فحدث والثانی انہ من البیان الذی یجب علیہ تبلیغہ الی امتہ

[illegible] ویعلموا بمقتضاہ ویوقروہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بما یقتضیہ مرتبتہ کما امر اللہ تعالیٰ و
قال ہذا الحدیث دلیل التفضیلہ صلعم علی الخلق کلہم اور آپکی سیادت کونین کا باعث ہے کہ اللہ تعالیٰ نے
آپکی امت مکرمہ کو تمام امتوں سے بہتر اور افضل فرمایا اور رفاقت کی اونکے لیے معیت انبیا اور صدیقین
کی جنت میں چنانچہ فرمایا کنتم خیر امۃ اخرجت للناس اور فرمایا ومن یطع اللہ ورسولہ فاولئک مع
الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا **سوم** یہ کہ زید نے
بوجہ نادانی سے اختیار کیا عقیدہ باطل کثرت خواتم کا اور وہ مستلزم ہے جناب سرور کائنات کی
تنقیص قدر کا اسلیے کہ کثرت شی کی کم کرتی ہے اوسکی قدر وقیمت کو سو لازم آئی اوسکے عقیدہ کو تنقیص جناب
نبوی کی اور توڑنا آپکی سیادت دارین کا جو شرط خاتمیت ہے اور یہ کفر ہے اعاذنا اللہ منہ بیوقوف
آدمی کفر اختیار کرتا ہے **چہارم** یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اور اوسکے حبیب نے فرض کیا ہم پر اعتقاد آپکی خاتمیت
اور عموم بعثت کا اور مخصوص ہونا آپکا ساتھ اس درجہ کے چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ولکن رسول اللہ
وخاتم النبیین اور لیکون للعالمین نذیرا اور فرمایا آنحضرت نے فضلت علی الانبیاء بست الی قولہ ارسلت
الی الخلق کافۃ وختم بی النبیون اور فرمایا لا نبی بعدی اور زید توڑتا ہے حد مفروضہ اللہ کو اپنی بلادت
سے اور انکار کرتا ہے عموم بعثت کا اور خاص کرتا ہے آپکی رسالت کو ساتھ ایک طبقہ عالم دنیا کے
اور تاویل کرتا ہے آیات متشابہات کی اپنی راے قبیح سے حالانکہ تفسیر قرآن توقیفی ہے اور راے جاری کرنی
اوسمیں حرام ہے چنانچہ عمادیہ میں ہے مذکور ہے انکار عموم بعثت آنحضرت علیہ السلام کا کفر ہے اجراے کلمہ شہادت سے
وہ مسلمان نہیں ہوتا جب تک کہ تبری نکرے اپنے عقیدہ سے فان کان الکافر یعترف برسالۃ محمد علیہ السلام
وینکر عمومہا کقوم من الیہود یقولون انہ مبعوث الی العرب خاصۃ فلا بد من البراءۃ انتہی **پنجم** یہ کہ اجماع

منعقد ہی آپکی خاتمیت پر اور باقی رہتی آیت کے اپنے عموم ظاہری پر چنانچہ معلوم ہوگا اور

قول زید کا مسئلہ میں ہی انکار اجماع کو وفی البحاد یہ ومن انکر الاجماع فہو کافر صحیح ششم یہ کہ وہ

اپنی جہل مرکب سے دعوا کرتا ہی اصول دانی کا اور کہتا ہی خبر آحاد سے تخصیص آیت کی جائز ہی کما

ہو المقرر فی الاصول یہ دعوا اوسکا سراسر ناراست ہی ابتدا مگر خبر آحاد مخصص آیت کی نہین ہو سکتی

بلکہ رد ہو جاتی ہی بسبب مخالفت کتاب کے کہا اہل الاصول نے وانما یرد خبر الواحد فی معارضۃ الکتاب

لان الکتاب مقدم لکونہ قطعیا متواتر النظم لا شبہۃ فی متنہ ولا فی سندہ وخبر الواحد ظنی

فلا یعمل بخبر الواحد فی معارضتہ ضرورۃ ان الظنی لا یعمل بالقطعی اور تنقیح مین ہی بحث عام مین وعندنا

ہو قطعی مساو للخاص وہیمی یعنی القطعی فلا یجوز تخصیصہ بواحد منہما ما لم یخص القطعی انتہی اس سے معلوم

ہوا کہ خبر واحد مخصص آیت کی نہین ہوتی وجہ اسکی یہ لکھتے ہین کہ آیت قطعی ہی اور خبر واحد ظنی اور تخصیص

تغییر ہی اور جائز نہین تغییر مگر ساتھ مساوی کے اور اسیلیے جائز نہین نسخ کتاب کا ساتھ خبر واحد کے

اجماعا لیکن عام کتاب کا اگر کسی قطعی سے یعنی خاص کتاب یا خبر متواتر یا مشہور سے مخصوص ہو جاوے

تو پھر جائز ہی تخصیص اوسکی ساتھ خبر آحاد کے اسلیے کہ عام مخصوص البعض ظنی ہو جاتا ہی چنانچہ کہا

اہل اصول نے ان العام الذی خص منہ البعض یجوز تخصیصہ بخبر الواحد والقیاس اور کہا لما

لم یبق العام بعد التخصیص قطعیا جاز فی العام بعد التخصیص من الکتاب والخبر المتواتر معلوما کان المخصوص

او مجہولا ان تخصیص بخبر الواحد والقیاس اجماعا اس سے معلوم ہوا کہ زید یا تو بڑا بیوقوف جاہل

شخص ہی یا مفتری دغاباز کہ مسلمانونکو اپنے اقوال غیر مرضیہ سے دھوکے دیتا ہی غرض اوسکی واللہ

اعلم یہ معلوم ہوتی ہی کہ لوگ جبکہ مان لینگے اوسکے اس ہذیان شیطانی کو کہ آیت ولکن رسول اللہ

وخاتم النبیین اوسکے قاعدہ مخترعہ باطلہ کے موافق عام مخصوص البعض ہی اور معلوم ہی کہ عام
مخصوص البعض ظنی ہوجاتا ہی تو اوسوقت اپنے نفاق باطنہ مستترہ سے فریب دیگر کریگا کہ آیۃ مذکور
حسب قاعدہ اصول ظنی ہوگئی پس ظاہر ہوئی تخصیص اوسکی ساتھہ خبر نزول عیسی علی نبینا وعلیہ السلام
کے معاذ اللہ مین وسواسہ حال آنکہ رد کردیا ہی اللہ تعالی نے اوسکے اس فریب کو کئی ہزار برس پہلے علیہم
کی پیدایش سے اور آگاہ فرمایا مسلمانونکو اوس سے چنانچہ فرمایا واذ اخذ اللہ میثاق النبیین
لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم
لتؤمنن بہ ولتنصرنہ الآیہ جب کہ اللہ جلشانہ نے تمام نبیین سے عہد لیا حضرت محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانیکا اور اونکی شریعت کے نصرت کرنے کا تو کیا امکان کہ کوئی نبی
خلاف اس عہد الہی کے عمل کرے بلکہ تمام انبیا اگر زندہ کیا جاوین تو آپکے امتی اور آپہی کے مقتدی مثل
عیسی علیہ السلام کے ہون مصداق اس آیت مذکور کے شب معراج مین اللہ تعالی نے تمام انبیا کو زندہ
کیا سب آپ پر ایمان لائے اور آپکی سیادت و امامت سے مفتخر ہوکر بیت المقدس مین خلعت اقتدا پہنا
اور حضرت نبی الحمد کی امت مین داخل ہوکر حق قیام تحت لواء حمد کا اپنے لیے ثابت کیا اور آپکی امت بکریمہ
کے لیے مضمون آیہ من یطع اللہ ورسولہ فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم
من النبیین الآیہ کا محقق ہوا اور مطابق اسی آیہ کے ہے حدیث لو کان موسی حیا
ما وسعہ الا اتباعی اور مصداق وہی آیہ کے واسطے اظہار رتبہ حضرت خاتمیت میاد کی
علیہ علیہم کو اللہ تعالی نے ناموس قبل نازل ہوا بعد نزول کے تابع شریعت محمدی لیعنی آپکی امتی اور امامت کے مقتدی ہونگی نماز
پنجگانہ مین اماما کما ہو المصرح فی الاحادیث الصحیحۃ مسلمانون کو چاہیے کہ ایسے موسوس کے

قریب بسبب بچپن اور مضمون آیات سابقہ و لنشین بیقین ہوگئے ہیں یہ کہ اثر مذکور مردود کتاب و سنت و اجماع سے زید نے وجود اشخاص خماس کا طبقات ستہ باقیہ مین ثابت کیا مگر اونکی لیے مت و ابتاع ہونا و خواتم ہونا کہان سے ثابت کرتا ہی کیا اپنے قیاس فاسد سے غیب گوئی کرتا ہی کیا عجب فیض بلادت ہی ہوگئے ہیں دلیل حماقت جلد اختیار کر لینا عقیدہ خلاف سنت و جماعت کا ہی اگر بسبب سوء فہم کے ایک آیت مین اوسکو شبہہ واقع ہوا تو چاہیے تھا رجوع کرنا طرف اور آیات و احادیث کے تاکہ وہ شبہہ رفع ہو جاتا یعنی اگر اوسنے سوء فہم سے آیہ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کو کہ بالاجماع جاری اپنے عموم پر مخصوص البعض سمجھا تھا تو اور آیات بینات و احادیث پر جو مفسر و محکم ہین بنا اپنی عقیدہ کی مستحکم کرتا مثل آیت اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ كَآفَّةً لِّلنَّاسِ و حدیث اُرْسِلْتُ اِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِىَ النَّبِيُّوْنَ وغیرہا کہ ان آیات شافیہ سے علت عقیدہ باطلہ سے اوسکو شفا حاصل ہوتی اور تکذیب قرآن سے جسکو تخصیص سمجھتا ہی بچتا رسالہ مولانا ابو المسعود مین مسطور ہی قد صرح الامام ابو الفضل التوربشتی فی کتابہ المسمی بالمعتمد فی المعتقد وغیرہ بکون اعتقاد حصول النبوۃ بالکسب کفرا وعللوا التکفیر بتادیتہ الی تجویز نبی مع نبینا صلی اللہ علیہ والہ وسلم او بعدہ قال العلامۃ النابلسی فساد مذہبہم غنی عن البیان بشہادۃ العیان کیف وہو یؤدی الی تجویز نبی مع نبینا علیہ الصلوۃ والسلام او بعدہ وذلک یستلزم تکذیب القرآن اذ قد نص علی انہ خاتم النبیین و آخر المرسلین وفی السنۃ انا العاقب لا نبی بعدی واجمعت الامۃ علی ابقاء ہذا الکلام علی ظاہرہ انتہی مختصرا وفی تحفۃ المحتاج شرح المنہاج فی کتاب الردۃ او جوز نبوۃ احد بعد وجود نبینا صلعم انتہی مترجمًا اسسے معلوم ہوا کہ صاحب عقیدہ مذکور کا فر ہی بسبب تجویز نبی کے ساتھ آنحضرت کے یا بعد مین اور بسبب انکار عموم بعثت کے اور بسبب انکار اجماع امت

اور بسبب تکذیب آیات عموم بعثت و ختم نبوت کے قال تعالےٰ ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبًا
او کذب بآیاتہ آپ نے سید پر قید بزرگ زید پوچھا جاتا ہے کہ جب اللہ جلشانہ قیامت کو قائم کریگا اور

کل شیئ ہالک الا وجہہ کا ظہور ہوگا اور مضمون یوم تبدل الارض غیر الارض والسموات وبرزوا للہ الواحد
القہار وقوع میں آویگا اور تمام خلق عرصات قیامت میں متحیر الہلاک ہوگی اور ہمارے حضرت خاتمیت
پناہ کے بیٹھے ہیں اور اظہار ہوگا اور کل انبیا اور کل امتیں محتاج ہونگے طرف آپکے اور آپ اپنی

امت بلند رتبت کو ملاحظہ کرینگے کہ آفاق در آفاق مومنین غر محجلین ہیں اور آپ قائد المرسلین وخطیبہم
یوم القیامۃ ہونگے اور مقام محمود میں قائم ہونگے اور اہوال قیامت سے شفیع ہوکر مخلوق کو رہا کرائینگے اور
امت آپ کی تمام انبیا کیواسطے ابلاغ حکم الٰہی کے گواہ ہوگی و ہلم جرا یہانتک کہ امت آپکی تکمیلین
اہل جنت ہوگی اسوقت زید کے خواتم ستہ اور امت اونکی کہان معدوم ہوجاوینگی کیا ایکے آدم
وخاتم وغیرہم حشر و نشر وحساب و کتاب عذاب و ثواب و جنت و دوزخ سے پاک ہیں اگر زید احادیث
وآیات حشر و نشر کو دیکھے یا سنے تو امید ہے کہ اپنے آدوام ستہ و ابراہیم ستہ وانواح ستہ وعیسیٰ و خاتم ستہ کو باطل سمجھیگا
اور اگر احادیث بطلان متمسک زید کی سب بیان کیجاویں تو ایک بڑی کتاب بنتی ہے اسلیے چند حدیثوں پر اکتفا ہوتا ہے عن ابن

عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اول من یکسیٰ یوم القیامۃ ابراہیم متفق علیہ مشکوٰۃ یہ حدیث
ابن عباسؓ کی باطل کرتی ہے تعدد ابراہیم کو اسلیے کہ قیامت ایک ہے نہ متعدد اور حشر ایک ہے نہ متعدد
اور ابراہیم کو سب سے پہلے کسوت جنت پہنائے جاوینگے ایک ہی نہ متعدد اب زید بیان کرے کہ اون سے

ابراہیم ستہ سے اول من یکسیٰ کون ہوگا اور اسیطرح حدیث شفاعت بنوح یوم القیامۃ فیقال لہ

بلغت فیقول نعم فیسأل امتہ هل بلغکم فیقولون ما جاءنا من نذیر فیقال من شہود لک فیقول

محمود اسنہ الحدیث تعدد نوح کو باطل کرتی ہی اور اسیطرح حدیث شفاعت اذا کان یوم القیامۃ

ماج الناس بعضہم فی بعض فیاتون آدم الخ فیاتون ابراہیم الخ فیاتون موسیٰ الخ فیاتون عیسیٰ الخ

فیاتونی فاقول انا لہا تعدد اشخاص خاص زید کو باطل کرتی ہی و عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال لما خلق اللہ آدم و ذریتہ قال الملئکۃ یا رب خلقتہم یاکلون و یشربون

و ینکحون و یرکبون فاجعل لہم الدنیا ولنا الآخرۃ الخ مشکوۃ یہ حدیث نص ہی کہ دنیا

مین ایک آدم اور اسکی ذریۃ ہی نہ آدم سات و عنہ ای ابی ہریرۃ قال اخذ رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم بیدی فقال خلق اللہ التربۃ یوم السبت و خلق فیہا الجبال یوم

الاحد و خلق الشجر یوم الاثنین و خلق المکروہ یوم الثلثاء و خلق النور یوم

الاربعاء و بث فیہا الدواب یوم الخمیس و خلق آدم بعد العصر من یوم الجمعۃ فی آخر

الخلق الحدیث رواہ المسلم مشکوۃ اس حدیث مین دلیل ہی کہ تربیت مین یعنی زمین مین ایک ہی آدم ہی

اور یہ آدم آخر خلق ہی اسکے بعد کوئی مخلوق نہین ہین وا دم ستہ زید کب پیدا ہوئے ۔ اور حدیث

انا سید ولد آدم یوم القیامۃ ولا فخر اور حدیث انا قائد المرسلین ولا فخر اور حدیث

کنت امام النبیین و خطیبہم و صاحب شفاعتہم غیر فخر اور حدیث انی عند اللہ مکتوب خاتم النبیین

اور حدیث لا نبی بعدی کثرت خواتم کو باطل کرتی ہی ان آیات بینات اور احادیث لامعات سے بخوبی

واضح ہوا کہ اثر مذکور متمسک زید اور عقیدہ اوسکا خلاف کتاب اللہ و سنت رسول اللہ ہی

اور خلاف عقائد اہل سنت بلکہ تمام امت آنحضرت کی ہی اور جو کتب عقائد اہل سنت و جماعت مین

مسطور ہی وہ یہ ہی عقائد نسفی مین ہی کہ اول الانبیاء آدم و آخرہم محمد علیہما السلام اور اوسی مین ہی کہ

وافضل الانبیاء محمد کے اور مساعرہ واحیاء العلوم مین ہی اشہد ان محمدا رسول اللہ ارسلہ الی الخلق اجمعین

بالہدی ودین الحق خاتما للنبیین وناسخا لما قبلہ من الشرائع انتہی اب بخوبی واضح ہوگیا کہ متمسک زید کا

مردود اور عقیدہ اوسکا باطل بلکہ کفر ہی بدلائل مذکورہ پس بموجب فتوای اوستاد العلماء حضرت

قاضی القضاۃ بارک اللہ فی عمرہ وفیضہ کے زید کو واجب ہی کہ اوس عقیدہ سے توبہ کرے تجدید نکاح

اور موافق اہل سنت وجماعت کے اعتقاد درست رکھے واللہ یہدی من یشاء الی طریق مستقیم

واللہ اعلم وعلمہ احکم کتبہ محمد عبد الکریم غفر اللہ لہ

بعض علماء سے منقول ہی کہ جو شخص کہ جانتا ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے

کو وہ مسلمان نہین ہی جیسا کہ ہیچ فتاوای عالمگیری کے مذکور ہی واللہ اعلم اور باقی جواب صحیح فقط

محمد عبد الملک ۱۲۸۳ | احمد علی ۱۲ | خادم شرع محمد حسن ۱۲۸۳

ہذا القول موافق للکتاب واللہ اعلم بالصواب کتبہ عبد الرحمن ملتانی عفی عنہ

عقیدہ زید مذکور قبیح ست بلکہ کفر صریح فقط کتبہ محمد رحمت [illegible]

ما قال المجیب المحقق فہو حق حقیق بالاتباع ومن خالفہ فی تردد العقیدۃ فہو باطل لا یطلع

ما ہو العقیدۃ لاہل السنۃ والجماعۃ کثرہم اللہ الی یوم محمد عبد الملک ۱۲۹۵

الدین ومن خالف عن ہذا فہو من فرق الملعونین کتبہ عبد الغفار بیروی دین محمد

مجیب مصیب نے جواب بابین اور آیات واحادیث لکھین ماشاء اللہ ورحمہ اللہ آگے

حقیقت رسالت مین تو سنگریزہ ناطق ہوتے ہین اگر کوئی عالم امت وسط لا نبی بعدی

کا اثبات خاتمیت نبوت پر گویا ہو کیا بعید ہی کتبہ احمد حسین ۱۲ مولوی محمد یار

هو العلیم

صحیح ست جواب واللہ اعلم بالصواب العبد الضعیف محمد نجف علی

محمد نجف علیخان ۱۲۹۴

هو الله الصمد

بر اہل اسلام آشکارا باد کہ جناب خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم سرور تمام انبیاء و مرسلین بلکہ افضل الخلائق اجمعین و رحمۃ جمیع عالمین اند شریکے برابر آنحضرت در اوصاف مخصوصہ کمال و مانند و مثل آنجناب در صفات خاصہ جلال و جمال در نفس الامر معدوم ست کہ نہ در درجات سموات یافتہ شدہ نہ در طبقات زمین ہا ممکن ست اعتقاد حق صحیح بتصریح جمہور محققین از مفسرین و محدثین و فقہا و متکلمین و صوفیہ کاملین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین و از بسکہ این مسئلہ و عقیدہ مانند آفتاب روشن ست حاجت تطویل نیست و لنعم ما قیل منزہ عن شریک فی محاسنہ فجوہر الحسن فیہ غیر منقسم حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی در مدارج النبوۃ در باب اخلاق عظیمہ و صفات کریمہ فرمودہ اعلی و اشرف و اتم و اکمل و احسن و اجمل و اقوی و اجمع مراتب اخلاق و خصال و صفات جمال و جلال خارج از حد عد و بیرون از حیطۂ ضبط و حصر ذات با برکات عالی صفات منبع البرکات حضرت سید کائنات ست صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہ ہر چہ در خزائنہ قدرت و مرتبۂ امکان از کمالات متصور ست ہمہ او را حاصل ست و تمامہ انبیاء و رسل قمار آفتاب کمال و مظاہر انوار جمال و یند الخ و ہم در مدارج النبوۃ در وصل عقل فرمودہ اینجا اگر عنیہ خاندان السوزد و دل اہل زیغ بشکند چہ توان کرد شاہ رسل شفیع امم خواجہ دو کون نور ہدی حبیب خدا سید انام مقصود ذات اوست دگر ہا ہمہ طفیل منظور

نورِ اوست دگر جملگی ظلام ہا ؎ ہر مرتبہ کہ بود در امکان بر اوست ختم ؎ ہر نعمتی کہ داشت خدا
شد برو تمام ؎ برداشت از طبیعتِ امکان قدم گران ؎ اسری بعبدہ من المسجد
الحرام ہا ؎ و در بیان حدیث انا سید ولد آدم فرمودہ و ہمچنان کہ سید اولاد آدم ست سید
تمامہ خلائق ست و اکرم ایشان ست نزد خدا از تمام انبیا و مرسلین و ملائکہ مقربین از اہل سموات
و ارضین الخ و چونکہ ہیچ کس را از مسلمانان درین باب شک نیست حالا متوجہ جواب سوال باید شد
واضح باد کہ عقیدۂ آنکس کہ در سوال مرقوم ست ضلال مبین و فساد در دین ست اگر از ان توبہ
نکند و بر آن اصرار کردہ از فضیلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بر تمام مرسلین انکار کند کافر
و مخالف اجماع مسلمین ست و روا نیست کہ بنام دلیل برین عقیدہ پیش کردہ اولاً شرکت
و برابری در اوصاف خاصہ و کمالات مخصوصہ جناب افضل الخلائق اجمعین رحمۃ للعالمین
صلی اللہ علیہ وسلم از ان ثابت نیست صرف اختراع این ملحد ست و ثانیا در ثبوت آن روایت
نزد محققین کلام بسیار ست کہ ضعف آن ثابت فرمودہ اند و تا دلیل اہم نمودہ اند تفصیل حال
آن روایت در کتاب قسطلانی شرح صحیح بخاری در باب بدء الخلق و در کتاب سیرت
حلبیہ مسمی بہ انسان العیون و مقاصد حسنہ امام سخاوی در باب الالف و دیگر کتب موجود
است من شاء فلیرجع پس چنین عقیدہ کہ مخالف اجماع مسلمین ست این چنین دلیل فاسد پیش
کردن از ضلال نجات نمی دہد واللہ الہادی الی سواء السبیل فقط کتبہ انوار الحق ۱۳۰۰ عفی عنہ [illegible]
دیگر الجواب المذکور مطابق لکتاب اللہ و سنۃ رسول اللہ و اجماع المسلمین و من انکر فقد
کفر مراتب و درجات آن سید کائنات صلی اللہ علیہ مع التحیات الزکیات و علی آلہ و صحبہ

مذکور شد پس ازین آیات متعدده و احادیث متکاثره مع اقاویل اجماع معلوم شد روایت فی کل ارض الخ شاذ و بی اصل است بجز این تاویلات او نیز بسیار است که از دیدن ارشاد الساری شرح صحیح بخاری وغیره هویدا خواهد شد پس افضلیت آنسرور مرسلین از جمیع عوالم مصرح و موضح احیانا اگر کسی بر عکس این اعتقاد کند گمراه و بیدین و لعین است اعاذنا الله من العقیدة الفاسدة النجدیة کتبه شاه عبد القدوس قادری عفی عنه

محمد جلال الهجری ولد شاه عبد القدوس قادری ۱۲۸۲ — مدرس و امام جامع مسجد بنگلور

الجواب هذا موافق لاعتقادنا والاعتقاد علی هذا واجب علینا والمخالف لهذا کافر بالاتفاق لانه جاء فی الحدیث الشریف عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انا سید الناس دلیل السائل مردود بالکتاب والسنة واجماع الامة کتبه شیخ محمد فضل الله نقشبندی خراسانی عفی عنه

محمد فضل الله ۱۲۶۵ — مقیم بنگلور

این جواب باصواب حسب عقیدهٔ اهل سنت و جماعت است چنانکه صاحب تفسیر حسینی از تفسیر کشاف در قول رفع بعضهم درجات آورده که ظاهر آنست آن بعض پیغمبر ماست علیه السلام که مفضل بر انبیا به فضایل بیکران و خصائص بی پایان است همچنانکه از مطالعهٔ احادیث و آیات مفهوم میگردد همه انبیا در پناه تواند مقیم در بارگاه تواند تو مهر منیری همه اختر ند تو سلطان ملکی همه چاکر ند وجوه افضلیت آنحضرت عقلاً و نقلاً در بیان مبسوط در جواهر التفسیر و دیگر کتبها مرقوم است فلیرجع الیه فکتبه خادم حکمای بن سید محی الدین عفی عنه

جواب مرا جواب والله اعلم بالصواب کتبه المسکین القاصر عبد السبحان پشاوری عفی عنه

این جواب صحیح است کما جاء فی صحیح المسلم فضلت علی الانبیاء خادم الطلبا غلام احمد

ہذا الجواب الحق المبین حسب عقائد کافہ المسلمین ست چنانچہ شیخ عبد الحق دہلوی محدث در شرح مشکوٰۃ فارسی گفتہ و اتفاق دارند کہ آنحضرت سید ولد آدم و افضلترین پیغمبر انست صلی اللہ علیہ وسلم اجمعین انتہی ہر کہ درین شک آرد کافر گردد اعاذنا اللہ و جمیع المسلمین من ذالک

حسا رہ محمد جلال بن شاہ عبد القدوس صاحب قادری مدظلہ

ہذا الجواب صحیح بالکتاب والسنۃ واجماع الامۃ ومن خالف فہو کافر لا ء قال اللہ تعالیٰ اذ اخذ اللہ میثاق النبیین الآخر وقال فی التفسیر الاحمدیۃ ہذا الدلیل صریح لفضیلتہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سائر الانبیاء وقال صلی اللہ علیہ وسلم انا خاتم النبیین فدلیل السائل مردود و معتقد مرتد کما جاء فی الکتب الکثیرۃ کتبہ سید شاہ حسینی المعروف بہ سید صفدر حسینی قادری

المجیب مصیب چنانچہ صاحب تنویر پشتی گفتہ و در حدیث دیگر گفت من اول شفیعے باشم در روز قیامت و اول کسیکہ شفاعتش قبول کنند و این حدیث درست ست و علمائے حدیث بر درستی این حدیث متفق اند و این دلیل ست بر فضیلت او در جملہ خلائق ۔۔۔۔۔ درد نہاکیا رسول الثقلین محمد حسین المعروف عرفی خاکسار

الجواب حق والمجیب محق والحق احق ان یتبع والباطل احق ان یقلع علمائے اعلام و فضلائے اعظام پر یہ امر مخفی اور محتجب نہیں ہے اور خوب طرح سے اظہر من الشمس و ابین من الامس ہے کہ موجود ہونا مثل آنجناب بمعنی مشارکت ماہیت اور صفات کمالیہ کے عالم میں بشیر اشرف باطل و محال ہے کالشمس فی رابعۃ النہار ہے کہ دعوی کرنا اس مدعی موسوس اور مبتدع وضال اور مضل کا مبطل ہے اور معطل ہے اور ظاہر اور باہر ہے کہ اس مدعی کاذب و خوش عقیدہ نے اسلام کو بشکیک سلام کیا

کیونکہ ہونا موجود النظیر بلکہ ممکن النظیر آنجناب کا بحکم آیت شریف و لٰکن رسول اللہ صلعم و خاتم النبیین و آیت اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَاد و آیت وَمَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْد کی محالات سے ہے و الا انہ تکذیب اللہ تعالیٰ و تخلف وعدہ حقتعالیٰ لازم آویگی وہو قبیح غایۃ القبح بل سفسطہ کا فریبکہ آنجناب کا ممتنع النظیر و منتفی المثل ہونا ایک قاعدہ مسلمہ ہے سکہ اقرب الی الفہم اور دافع اس عقیدہ باطلہ کے ہی ثابت ہوتا ہی اور قاطع عرق مماثلت کو رسالت مآب سے کرتا ہی وہ یہ ہی کہ سورۂ فصلت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہی قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ یعنی کہدو ای رسول کہ میں مثل تمہارے بنی آدم میں سے ہوں فرشتہ اور جن نہیں ہوں کہ تم میری بات سنیں سمجھے چنانچہ تفسیر حسینی میں یہی معنی لکھے ہوئے ہیں تو ظاہرا اسی آیت مبارک سے مثلیت آنحضرت کی بشریت میں ثابت ہوتی ہی اما بعد التدبیر و التفکر یہ آیت تبوت مثلیت کو بشریت میں اس سید بجد العصلعم سے بن سے قلع قمع کرتی ہی زیرا کہ موافق قواعد معقول کے کلمہ انما انا بشر مثلکم بمنزلہ جنس کے جیسے حیوان واقع ہوا ہی اور یوحی الی بجائے فصل کے ہی جیسے ناطق یعنی جناب سرور انبیا قبل یوحی الی کے سائر بنی آدم میں ملے ہوئے تھے جب کہ رسول اللہ کو پاک بے نیاز نے یوحی الی فرمایا تو غیر نبی سے جدا ہوگئے لیکن ملے رہے جمیع انبیا میں وقتیکہ آپ نے زبان فیض ترجمان سے ارشاد فرمایا اِنِّی عَبْدُ اللّٰہِ مَکْتُوْبٌ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ وَ اِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِیْنَتِہٖ وقال کُنْتُ نَبِیًّا وَّ آدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَ الْجَسَدِ وقال نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ تو تمامی انبیا سے بھی ممتاز اور مشرف ہوگئے پس کیونکر کوئی متنفس ہمشاد ہم سر آنسرور کے ہوسکے اور کیونکہ مثلیت متنازعہ فیہا ثابت ہووے اور دعوے اس مدعی ضال

ومفصل کا قابل سماعت اور لایق قبولیت کے عند اہل السنۃ والجماعت کے ہوسکے
فنا ئل ہا آن مدعی اس دعوی کا احدے تنفس کو مشارک ماہیت میں خلق نور محمدی کا کہوے
اور حدیث قال رسول اللہ صلعم اوّل ما خلق اللہ نوری و حدیث جابر ابن عبداللہ الانصاری
انہ قال قلت یا رسول اللہ بابی انت امی یا رسول اللہ اخبرنی اول ما خلق اللہ تعالی قبل
الاشیاء قال یا جابر ان اللہ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ ہکذا فی نزہۃ الابرار کو یون
کہوے کہ قال رسول اللہ اول ما خلق اللہ نوری و نور مثلی و ان اللہ خلق قبل الاشیاء نور
نبیک و مثل نبیک من نورہ تو البتہ قول اس مفتر مثلیت کا راست آتا اور دعوی اوس کا
گنجایش سماعت کا رکھتا مع انہ لیس کذلک علاوہ ازین مثل آنحضرت کا کوئی ممکن کسی جہت
اور کسی طریق سے نہین ہوسکتا کیونکہ حق تعالی نے حق حضرت مین ارشاد فرمایا ہے وما
ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور جو عالم مین ہے وہ دو حال سے خالی نہین ہے یا تو
امت دعوت ہے یا امت اجابت تو دونو صورتون مین مثل آنحضرت کا اگر ہوا متی حضرت کا لابد
اور ضرور ہوگا اور حضرت اوسکے حق مین رسول ہونگے بموجب آیت وما ارسلناک الا
رحمۃ للعالمین زیراکہ مثل مفروضہ عند الخصم عالم سے وجہ من الوجوہ خارج نہین ہوسکتا کہ جو
سرور عالم اوسکے حق مین رحمت نہ ہوے زیراکہ عالم ماسوا سے ذات صمد کو کہتے ہین لیس کمثلہ شی کہ
مماثل عالم مین بھی خارج ہوسکے چنانچہ بیضاوی مین ہے العالم اسم لما یعلم بہ کالخاتم والقالب
غلب فی ما یعلم بہ الصانع وہو کل ما سواہ من الجواہر والاعراض فانہا لامکانہا وافتقارہا الی
موثر واجب لذاتہ تدل علی وجودہ وانما جمعہ لیشمل ما تحتہ من الاجناس المختلفۃ انتہی اور امام

قرطبی نے قرطبی میں فرمایا ہے کہ اصح یہ ہے کہ العالم ما سوی اللہ انتہی لہذا قال السیوطی وارسلہ
الی جمیع الخلق کافۃ من الانس والجن والملائکۃ الصافۃ وقال البارزی وداخل فی دعوتہ الحیوانات
والحجر والشجر انتہی ما فی المقامات السندسیۃ وہکذا قرر العلامۃ امام السبکی رح وہو ارسل الی کل من تقدم
وغیرہ فجمیع الانبیاء وامہم کلہم من امتہ ومشمولون برسالتہ ونبوتہ ولذلک یاتی عیسی فی
آخر الزمان علی شریعتہ وجمیع الشرائع التی جاءت بہا الانبیاء منسوبۃ الیہ وما جاؤا بہ الی اممہم
احکامہ فی الازمنۃ المتعددۃ علیہ انتہی ما نقلہ السیوطی فی المقامات پس کیونکہ درمیان جناب رسول
اللہ اور مثل آنحضرت میں کہ جسکو مدعی ثابت کرتا ہے مماثلت متحقق ہو سکے فتفکر جدا فانہ مقام
مزال الاقدام ومحل انطلام آرے آرے اگر قائل ومعتقد مثلیت آنجناب کا لفظ عالمین سے کہ جو
آیت شریفہ میں وارد ہوا ہے عالم دیگر یعنی جو خداوند کریم نے خلق اور وجود بخشا ہے اس سے
علاوہ لیوے تو گنجایش رکھتا اور اثبات مدعی المدعی کو کرتا لکن ہذا لا یمکن نہ یہ کہ جو عالم
سوائے عالم متحقق کے عند الخصم مقرر ہو گا وہ بیشک داخل اسی عالم میں ضرور ہو گا نعوذ
باللہ من ذلک کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا کذبا۔ لہذا قال القاری فی
شرح الشفاء من المعلوم استحالۃ وجود مثلہ بعدہ انتہی وہکذا قال الخفاجی فی الشفاء اور دلیل
لانا اس موسوس اور مبتدع کا ادعای مثلیت پر اثر یعنی قول حضرت ابن عباس رض ان اللہ
خلق سبع ارضین الخ کو مقدوح اور مخدوش ہے بوجوہات شتی وبوجوہات لا تعد ولا تحصی اگرچہ
علمائے نقادین احادیث نے نسبت اثر ہذا کے اسنادہ صحیح ارقام کیا ہے لیکن اس مثبت مثلیت
کو اسنادہ صحیح سے خبر مسند ہونا چاہیے اور مفید مطلب خود نہ تصور کرنا چاہیے کیونکہ

صحت اسناد سے یہ لازم نہیں آتا کہ متن بھی اوس حدیث کا صحیح اور مقبول ہو جائے کیونکہ اگر
حدیث معلول بقدح وجرح باعتبار لحوق شذوذ وغیر ذلک کے ہو اس جہت سے متن کو ضعیف
اور ضعیفت لاحق ہووے اور یہ اثر اسی قبیل سے ہے کہ اسناد صحیح ہے لیکن شاذ ہے چنانچہ
قسطلانی نے ارشاد الساری شرح صحیح البخاری میں بعد نقل کرنے روایت ابن جریر اور حاکم
اور بیہقی اور بعد نقل کرنے قول بیہقی اسنادہ صحیح الا انہ شاذ بمرۃ لا اعلم لابی الضحی علیہ متابعا
کے تحریر کیا ہے عبارتہ ہکذا فقیہ انہ لا یلزم من صحۃ الاسناد صحۃ المتن کما ہو معروف عند
اہل ہذا الشان فقد یصح الاسناد و یکون فی المتن شذوذ او علۃ تقدح فی صحتہ و مثل
ہذا لا یثبت بالحدیث الضعیف وکذا فی سیرۃ الحلبی پس کیونکہ یہ اثر شاذ مقبول ہو سکے
کیونکہ حدیث شاذ مرجوح لا کلام ہوتی ہے اور حکم شاذ کا یہ ہے اگر کوئی راوی ثقہ سند شاذ
میں واقع ہوا ہے تو لابد موجب توقف اور ترک احتجاج کو ہے اور جو راوی سند اوسکی میں
ثقہ نہیں واقع ہوا ہے تو وہ روایت قطعا اور یقینا متروک العمل اور مردود وغیر مقبول
ہے پس یہ اثر معلول بشذوذ دونو صورتمیں معمول بہ نہیں ہو سکتا اور موضع حجت
کے قائم نہیں ہو سکتا اور بلا قیل وقال اثبات مدعی پر دلیل نہیں ہو سکتا کما جاء فی
شرح الشرح علی نخبۃ الفکر فالراجح یقال لہ المحفوظ ومقابلہ وہو المرجوح یقال لہ الشاذ
عرف من ہذا التقریر ان الشاذ ما رواہ المقبول مخالف لما ہو اولی منہ وہذا ہو المعتمد
فی تعریف الشاذ بحسب الاصطلاح وہو لغۃ المفرد وبہ عرف الشافعی وجماعۃ من
اہل الحجاز وقال الخلیلی وعلیہ حفاظ الحدیث الشاذ ما لیس لہ الا اسناد واحد یشذ بہ شیخ

بقتادۃ غیرہ فما کان عن غیر ثقہ متروک لا تقبل وما کان عن ثقہ التوقف ولا یحتج انتہی ملخصا
وبعد فرض صحت اثر ہذا وتسلیم قول مدعی کہ یہ حکماً مرفوع ہے اور بعد اغماض لحاظ منعیت
وضعفیت وشذوذیت اثر ہذا تاہم قول ابن عباس رضہ سے تقریب نہیں تمام ہوتی اور یہ قول
اثبات مدعی مدعی کو کافی اور وافی نہیں ہوتا زیرا کہ یہ اثر غایۃ الامر حکماً مرفوع داخل
حکم خبر آحاد میں ہوتا اور کسی عنوان سے متواتر اور مشہور میں نہیں متصور ہو سکتا کہ کچھ باب
عقائد میں معتمد و معتبر ہوتا اور مثلیت متنازع فیہما میں کسیقدر مفید ہوتا اور اگر بالفرض والتقدیر
یہ اثر موقوف معلول بھی بعلت ہووے وحکماً بھی مرفوع قرار پاوے جب بھی قابل حجت اور لائق
عمل کے نہیں ہو سکتا کیونکہ اس صورت اور اسحالت میں خبر آحاد میں داخل ہوگا اور خبر آحاد
موجب للعمل اوسوقت میں ہوتی ہے کہ اعتقاد کو کہ مخالف اور معارض قرآن اور حدیث متواتر
اور مشہور اور ظاہر کو نہو وے پس یہ اثر موقوف اسی قبیل سے ہے کہ مخالف قرآن ولکن
رسول اللہ وخاتم النبیین وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور حدیث
قال رسول اللہ صلعم انا خاتم الانبیاء وقال رسول اللہ لا نبی بعدی وعن ابی ہریرۃ قال
قال رسول اللہ صلعم مثلی ومثل الانبیاء کمثل قصر احسن بنیانہ وترک منہ موضع لبنۃ فطاف به
النظار یتعجبون من حسن بنیانہ الا موضع تلک اللبنۃ فکنت انا سددت موضع اللبنۃ ختم بی النبیان
وختم بی الرسل وفی روایۃ فانا اللبنۃ وانا خاتم النبیین ہکذا فی المشکوۃ وغیرہ کی ہے پس
اثر مذکور البتہ ہی خبر آحاد سے نہ ہوتے میں معمول بہا نہیں ہے دبا عتبار اقلا دن احوال
الرواۃ قلنا شرط العمل بخبر الواحد ان لا یکون مخالفا لظاہر قال علیہ السلام تکثر لکم الاحا

بعدی فاذا روی لکم عنی حدیث فاعرضوہ علی کتاب اللہ فما وافق فاقبلوہ وما خالف
فردوہ انتہی وہکذا فی التوضیح والتلویح والحسامی وغیرہ لہذا قال القاری فی مختصر الموضوع
فی معرفۃ الموضوع حدیث الارضون سبع فی کل ارض نبی کنبیکم یروی عن ابن عباس رض قال ابن
کثیر بعد عزوہ لابن جریر وہو محمول ان صح نقلہ عن ابن عباس رض انہ اخذہ من الاسرائیلیات و
ذلک وامثالہ اذا لم یصح سندہ الی معصوم فہو مردود علی قائلہ انتہی وہکذا فی المقاصد الحسنۃ
والبدایۃ وغیرہ اور کہنا قائل کا کہ جس شخص نے صحت اس حدیث مین کلام کیا ہی وہ سب وجوہ
باطل ہین اور ناتمام خود باطل اور ناتمام ہی بدو وجہ اول اینکہ یہ کہنا قائل کا بغیر نقل کتاب اور
قول سلف کے کمال نازیبا و بیجا ثانی اینکہ علما محققین اور فضلا مدققین نے اس حدیث
موقوف کو بہت تحقیق کیا خالی معلولیت سے نہ پایا اور صحت متن ہذا الحدیث عنقا صفت ہو
اور کہین اوسکی صحت کا نام و نشان دریافت نہ ہوا چنانچہ اوسکی تحقیق پر قول اونکا اسناد
صحیح دال اور مخبر ہی اور فحول علمار نے بدرجہ کمال تفحص کیا جہان قواعد پر جانچا وہین وضع
اور ضعف اور شاذ سے خالی نہ پایا اسیواسطے اونہون نے فرمایا لکنہ شاذ الخ غرضکہ
نقادین متین نے مقدوح اور مخدوش ہونا قول ابن عباس رض کا کما حقہ ثابت کیا ہی لیکن دیکھنے
والون کو آنکھین اور انصاف چاہیے ~ اگر دنیا سراسر باد گردد ۞ چراغ مقبلان ہرگز نمیرد
سچ فرمایا سعدی علیہ الرحمہ نے ~ چشم بد اندیش کہ برکندہ باد ۞ عیب نماید ہنرش در نظر
قطعہ شور بختان بآرزو خواہند ۞ مقبلان را زوال نعمت وجاہ ۞ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمہ آفتاب را چہ گناہ ۞ راست خواہی ہزار چشم چنان ۞ کور بہتر کہ آفتاب سیاہ ۞

عجب شاباش وشکل کی شجاعت اور مردانگی ہے ع این کار از تو آید و مردان چنین کنند ع
شاباش کہ کار آفتابی کردی ع اور نا انصافون اور حق پوشون کا یہی کام ہے کہ وقت جواب
دہ بتیا بنکے بحکم الغریق یتشبث بکل حشیش ایسے ایسے حیلے درپیش لاتے ہین اور دنیا پر چلتے ہین
اور اسلام کو گنواتے ہین لیکن جدھر جاتے ہین منہ کی کھاتے ہین کیا کیا حیلے اٹھاتے ہین
نہین مفر پاتے اور پھر بھی ہوش مین نہین آتے سچ ہے جھوٹھ کے کتنے پاؤن ع خوبی [illegible]
بہانہ بسیار ہے اور طرفہ تر یہ ماجرا ہے کہ مدعی ہذا نے تمسک قول ابن عباسؓ سے تمام اپنے مذہب
کو باطل کیا اور اساتذہ اپنے یعنے مولوی اسمعیل اور مولوی اسحاق صاحب کو کلیۃ جڑ سے اکھاڑ
پھینکا کیونکہ علمائے اس قائل کا یہ قاعدہ مقررہ ہے اور مسلمہ کہ ہونا حدیث کا غیر کتب صحاح سے
مانند بیہقی اور کتاب ابن جریر وغیرہ موجب بے اعتباری او بے اعتمادی روایت کا ہے
اور ہونا حدیث کا غیر مرفوع باعث ترک احتجاج کا باب اعمال اور عبادات مین ہے چہ جائیکہ باب عقائد
مین چنانچہ مولوی اسحاق صاحب مایۃ المسائل مین تحریر کرتے ہین بعض مردم بجواز عرس دلیل
می آرند کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال برای زیارت قبور شہدائے احد رفتہ اند جوابش
اینکہ اول این حدیث از صحاح نیست کہ محل سخن باشد بلکہ ازان کتب ست کہ دران کتب احادیث
ہر قسم صحیح و حسن و ضعیف بلکہ موضوع ہم یافتہ میشود کما نقل السیوطی عن ابی جریر الی ان قال
در کتاب ابن جریر احادیث ہر قسم موجود اند معہذا نزد محدثین این حدیث متصل الاسناد ہم نیست
پس نزد ایشان صحیح نباشد و قتیکہ تقیین بصحت ایشان نشد در مقام استدلال بجواز شئی و عدم
آن آوردن نشاید انتہی اور کہنا اس قائل کا کہ آیت کریمہ وَلٰکِن رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ مخصوص ہے

یعنے حکم ختم نبوت ساتھ اس عالم موجود طبقۂ اول کے مقید و مخصص ہی باطل اور مکذوب ہی اور
آیت شریف مخصص بختم نبوت اس عالم موجود طبقۂ بالا کو بوجہ من الوجوہ نہیں ہو سکتی بدو وجہ
جدید یکی آنکہ اس تخصیص مدعی مبتدع کو نص قاطع یعنے آیت کریمہ رحیمہ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ
إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ مانع ہی اور تخصیص کو کلیۃً رفع دفع کرتے ہین دیگر آنکہ عالم مین جمیع
مخلوقات مع سائر طبقات ارض داخل ہی تو بحکم آیت وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین نبوت
آنجناب اور خاتمیت رسالت آپ مختص بطبقۂ اول کیونکر ہو سکے فتفکر جداً فانہ عسیر علیکم دیگر آنکہ
خاتمیت نبوت آنحضرت اگر مختص بطبقۂ اول ہووے اور دیگر طبقات زمین سے متعلق نہووے
تو لاریب احکام اطباق ارضین ما بقیہ کہ طبقۂ اول سے جاتے رہوین اور منقطع ہو جاوین یعنے
حکم بیع و شراے زمین و حکم مسجد و حکم مکۂ معظمہ وغیر ذالک طبقۂ اول کے ساتھہ منحصر ہو وین او طبقۂ ثانی
اور ثالث اور رابع وغیرہ سے رفع اور اٹھہ جاوین وہذا خلاف الاحادیث واقوال الائمۃ چنانچہ امام
نووی رح نے شرح مسلم مین تحت حدیث من اخذ شبراً من الارض بغیر حقہ طوقہ اللہ فی سبع ارضین
یوم القیمۃ کے تحریر کیا ہی قال العلماء ہذا تصریح بان الارضین سبع طبقات وہو موافق لقول
اللہ تعالی سبع سموات ومن الارض مثلہن واما تاویل المماثلۃ علی الہیئۃ والشکل فخلاف الظاہر
وکذا قول من قال المراد بالحدیث سبع ارضین سبع اقالیم لان الارضین سبع طباق وہذا تاویل
باطل ابطلہ العلماء بانہ لو کان کذالک لم یطوق الظالم بشبر من ہذا الاقلیم شیئا من اقلیم آخر بخلاف
طباق الارض فانہا تابعۃ لہذا الشبر فی الملک فمن ملک شیئا من ہذہ الارض ملکہ وما تحتہ من
الطباق انتہی وفی مجمع البحار طوقہ اللہ من سبع ارضین ہو صریح بان الارضین سبع مثل

علیه ومن الارض مثلهن فتاویل المماثلة فی الهیئة خلاف الظاهر وکذا سبعة اقالیم والالم لطبق

الظالم بشبر من هذا الاقالیم شیئا من اقلیم آخر بخلاف طباق الارض فانها تابعة لهذا الشبر فی الملک

ویعضده حدیث کلفه الله ان یحفر حتی یبلغ آخر سبع ارضین انتهی پس ان ہر دو جواب باصواب
سے واضح ولائح ہوا کہ حکم ختم نبوت آنجناب خاص طبقہ پہلے کے ساتھ نہین بلکہ سائر طباق زمین کو ہی
تھا اندفع الاشکال بتمامہ ومن ادعی فعلیہ بیانہ وعلینا ردہ وابطالہ اور کہنا مدعی کا کہ خبر احاد سے
تخصیص آیت جائز ہی کما ہو المقرر فی الاصول اقول یہ دعی مدعی سراسر ہٹ دھرمی ہی اور خبر
احاد سے تخصیص آیت ناجائز اور ممنوع ہی اگرچہ تخصیص عموم آیت بخبر آحاد عند بعض العلماء جائز
ہی وہ محل دیگر ہی اور یہ موضع اور ہی یعنی تخصیص عموم آیت بخبر آحاد اوس جا پر ہی کہ جہان آیت و
حدیث آحاد باہم معارض ہون اور صورت تنازع فیہما بین آیت اور خبر آحاد مین تعارض ہی
فافترقا بلکہ اصول مین خلاف ما نقل الخصم موجود ہی کیونکہ اظہر من الشمس وابین من الامس ہی کہ خبر آحاد
مفید للظن ہی اور آیت مفید للیقین ہی اور بدیہی ہی کہ یقین پر ظن کو کیونکر اضافہ کیا جاوے اسواسطے
کہ ظنی مضمحل قطع ویقینی نہین ہو جاتا ہی وقتیکہ ظنی کو قیام ہی عند القطعی نہو سکا تو اوس سے تخصیص
کرنا آیت کو توکیا ٹھکانا کما قال سعد التفتازانی فی شرح عقائد النسفی یعنی ان الخبر الواحد علی تقدیر
اشتمالہ علی جمیع الشرائط المذکورة فی اصول الفقہ لا یفید الا الظن ولا عبرة بالظن فی باب الاعتقادیات
خصوصا اذا اشتمل علی اختلاف روایة وکان القول بموجبه مما یفضی الی مخالفة ظاهر الکتاب انتہی
فلا یعمل بخبر الواحد فی معارضته ضرورة ان الظنی یضمحل بالقطعی فلا ینسخ الکتاب ولا یزاد علیه ایضا
لانه بمنزلة النسخ کذا فی التوضیح والتلویح علاوہ ازین سمجھنا مدعی کا کہ بنبیکم سے تخصیص خاتمیت

نبوت سرور عالم کی الطبقہ اول کمال سفاہت اور از حد نادانی ہے کیونکہ تشبیہ کلم سے صرف تشبیہ من وجہ متحقق ہوتی ہے نہ تشبیہ جمیع امور یعنی خاتمیت اور صفوت اور حبیبیت اور نسخ ادیان انبیاء سابقہ وارسال صلعم الی کافۃ الناس وغیر ذالک اور کاف تشبیہ کا یہی مفاد ہے کہ تشبیہ من وجہ ہو والا نہ مشبہ اور مشبہ بہ میں عینیت لازم آوے وہو غیر مطلوب فی التشبیہ اور کاف کمثلکم مشعر تشبیہ ہے نہ مخصص آیت وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کا علیہ تحقیق التخصیص بما لا

